Illinois Link پروگرام میں خوش آمدید

آپ اپنی مراعات حاصل اور استعمال کرنے کے ایک محفوظ اور آسان طریقے کا لطف اٹھانے کی راہ پر گامزن ہیں۔ Illinois Link پروگرام آپ کو اپنے بینیفٹس خرچ کرنے کے لیے بینک کارڈ سے ملتا جلتا Illinois Link کارڈ استعمال کرنے دیتا ہے۔ آپ ٹول فری ہیلپ لائن نمبر (1-800-678-LINK) پر کال کر کے یا www.Link.Illinois.gov پر ویب سائٹ پر جاکر ایک خفیہ ذاتی شناختی نمبر (Personal Identification Number, PIN) منتخب کریں گے۔ آپ کا Illinois Link کارڈ اور PIN آپ کو آپ کی وہ مراعات استعمال کرنے دیتا ہے جو Illinois شعبہ انسانی خدمات (DHS) (Department of Human Services) آپ کے کھاتے میں – فقط آپ کے لیے – جمع کرواتا ہے۔ آپ کی مراعات آپ کے کھاتے میں جمع ہو جانے اور اپنا PIN آپ کے منتخب کر لینے کے بعد، آپ اپنے لنک کارڈ کے ساتھ ان مراعات کو استعمال کرنا شروع کر سکتے ہیں۔

آپ کے جاننے لائق معلومات

- آپ کو اپنا Illinois Link کارڈ آپ کے مقامی DHS کے دفتر میں آپ کے فراہم کردہ پتے پر بذریعہ ڈاک موصول ہوگا۔ براہ کرم ڈاک کی حوالگی کے لیے سات (7) دنوں کا وقت دیں۔
- اگر آپ کو مراعات کے لیے منظوری مل گئی تھی لیکن آپ کو 10 دنوں کے اندر اپنا کارڈ نہیں ملا ہے تو اپنے کیس ورکر سے رابطہ کریں۔
- اپنی مراعات استعمال کر پانے سے پہلے آپ کے پاس ایک PIN ہونا ضروری ہے۔ آپ یا تو ٹول فری ہیلپ لائن نمبر پر کال کر سکتے ہیں یا کمپیوٹر استعمال کر کے ویب سائٹ www.Link.Illinois.gov پر جا کر اپنا PIN منتخب کر سکتے ہیں۔ ہیلپ لائن نمبر اور ویب سائٹ آپ کے Illinois Link کارڈ پر اور اس پرچے میں چھپے ہوئے ہیں۔
- اپنا PIN منتخب کرنے کے لیے پہلی بار آپ کے کال کرنے پر آپ کو اپنے لنک کارڈ کے سامنے والے حصے پر درج 61 ہندسے کا نمبر درکار ہوگا۔
- آپ کو اپنا کارڈ اور PIN محفوظ اور نجی رکھنا ضروری ہے۔ اگر آپ کے خیال میں کسی اور کے پاس آپ کا Illinois Link کارڈ یا PIN موجود ہے تو آپ کے لیے گمشدہ یا چوری شدہ کے بطور اپنے Link Illinois کارڈ کی اطلاع دینے کے لیے اسی وقت ہیلپ لائن کو کال کرنا یا ویب سائٹ ملاحظہ کرنا ضروری ہے۔
- اگر آپ اپنا کارڈ اور PIN کسی اور کو دے دیتے ہیں اور وہ آپ کی مراعات کا استعمال کر لیتے ہیں تو — آپ کی مراعات کا بدل نہیں ملے گا۔ یاد رکھیں: کسی کو کبھی بھی اپنا PIN نہ بتائیں۔ اپنا PIN اپنے کارڈ پر نہ لکھیں۔ اسے اپنے پاس اپنے پرس، والیٹ یا بل فولڈ میں یا ایسی جگہ نہ رکھیں جہاں کوئی اسے حاصل کر سکتا ہو۔ اپنے کارڈ کو الیکٹرانک آلات (جیسے TV's مائیکروویو) اور مقناطیس سے دور رکھیں۔ اپنے کارڈ کو براہ راست دھوپ، جیسے کار کے ڈیش بورڈ سے دور رکھیں۔
- اپنی مراعات استعمال کرنے اور اپنے Illinois Link کارڈ اور PIN کا خیال رکھنے کے ذمہ دار آپ ہیں۔
- آپ اپنے کارڈ کے استعمال کی سرگزشت حاصل کرنے، اپنی مراعات کا بیلنس چیک کرنے، PIN منتخب کرنے، گمشدہ، چوری شدہ یا خراب شدہ Illinois Link کارڈ کی اطلاع دینے یا بذریعہ ڈاک بدل کارڈ کی درخواست کرنے کے لیے ٹول فری نمبر (1-800-678-LINK) یا www.Link.Illinois.gov پر ویب سائٹ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ براہ کرم ڈاک کی حوالگی کے لیے سات (7) دنوں کا وقت دیں۔
- SNAP کی مراعات صرف اپنے گھرانے کے لیے غذا خریدنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔
- آپ کے SNAP کی مراعات سے آپ کی خریدی ہوئی غذا آپ کے کنٹرول سے ماورا تباہی میں برباد ہو جاتی ہے تو آپ بدل مراعات کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اس کی درخواست کرنے کے لیے تباہی سے 10 دنوں کے اندر اپنے کیس ورکر سے رابطہ کریں۔
- آپ کو یہ پرچہ اپنے پاس رکھنا چاہیے کیونکہ اس میں وہ اہم معلومات شامل ہیں جسے آپ ضرورت پڑنے پر بعد میں دوبارہ پڑھ سکتے ہیں۔
- اگر آپ اپنی نقد یمراعات اپنے Link کارڈ کی بجائے براہ راست اپنے بینک کھاتے میں جمع کروانا چاہیں تو اپنے DHS کے دفتر سے رابطہ کریں۔
- کسی غلطی کو ٹھیک کرنے کے لیے، آپ کے LINK کھاتے میں جاری کردہ مراعات کی رقم کو آپ کے لیے دستیاب ہونے سے پہلے اس کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔
- سسٹم کی خرابی کی صورت میں، آپ کا کھاتہ ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کو ایک تحریری اطلاع نامہ موصول ہوگا جس میں سسٹم کی خرابی اور ایڈجسٹمنٹ کی وضاحت ہوگی۔ اگر آپ نوٹس سے 15 دنوں کے اندر سماعت کی درخواست کرتے ہیں تو جب تک سماعت نہ ہو جائے ایڈجسٹمنٹ نہیں کیا جائے گا۔ آپ کو (5465) 1-800-678-LINK پر کال کر کے کسی بھی ٹرانزیکشن کا جائزہ لینے کی درخواست کرنے اور منصفانہ سماعت کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔

اپنا ILLINOIS LINK کارڈ نہ پھینکیں۔ آپ کو ہر مہینے نیا کارڈ نہیں ملے گا۔

میں اسٹور پر اپنا Illinois Link کارڈ کیسے استعمال کروں؟

آپ اپنے SNAP یا نقد مراعات خرچ کرنے کے لیے کریانہ اسٹور پر اپنا Illinois Link کارڈ استعمال کر سکتے ہیں۔ کچھ اسٹورز پر، آپ اپنی نقد مراعات سے نقدی حاصل کرنے کے لیے بھی اپنا کارڈ استعمال کر سکتے ہیں۔ کریانہ اسٹور کی کھڑکیوں یا دروازوں پر Illinois Link کا نشان دیکھ کر اپنی خریداری شروع کرنے سے پہلے یہ یقینی بنا لیں کہ وہ اسٹور Link Illinois کارڈ قبول کرتا ہے۔

ذیل کے اقدامات سے یہ واضح ہو جائے گا کہ اپنی مراعات استعمال کرنے کے لیے اپنا Illinois Link کارڈ کیسے استعمال کرنا ہے۔

- SNAP سے خریدی ہوئی غذا خریداری کے وقت موصول ہونا ضروری ہے۔ (استثناء: آپ کو کمیونٹی معاون زراعت (Community Supported Agriculture , CSA) میں حصص خریدنے کے لیے غذا کا حصہ وصول ہونے سے 14 دن تک پیشگی SNAP کا استعمال کر سکتے ہیں۔) آپ اس سے پہلے کسی وقت میں موصول غذا کے لیے ادائیگی کرنے کے واسطے SNAP استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔

- چیک آؤٹ لین میں، خزانچی کو بتائیں کہ آپ اپنا Link Illinois کارڈ استعمال کر رہے ہیں اور جو کھاتہ – اپنا SNAP یا نقد کھاتہ – استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ اپنے نقد کھاتے سے نقدی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ چیک آؤٹ لین میں موجود خزانچی سے کہ سکتے ہیں یا آپ کو کسٹمر سروس کاؤنٹر پر جانا پڑ سکتا ہے۔
- آپ، یا خزانچی Illinois Link ٹرمینل کی معرفت آپ کا کارڈ اسکین کریں گے۔ اگر آپ کا کارڈ اسکین نہیں ہو سکتا ہے تو آپ کی خریداری مکمل کرنے کے لیے خزانچی ٹرمینل پر دستی طور پر آپ کا کارڈ نمبر درج کر سکتا ہے۔ اگر آپ نے لگاتار کئی بار دستی طور پر ٹرانزیکشنز درج کروائے ہیں تو آپ کا کارڈ خود بخود بدل دیا جائے گا۔ جب تک آپ کو نیا کارڈ نہ مل جائے تب تک آپ اپنا پرانا کارڈ استعمال کرتے رہیں گے۔ نیا کارڈ موصول ہونے پر، آپ اسے فوری طور پر استعمال کرنا شروع کر سکتے ہیں۔
- آپ یا خزانچی خریداری کی رقم یا اتنی نقد رقم درج کرتے ہیں جتنی رقم آپ نکالنا چاہتے ہیں۔
- اپنا 4 ہندسے کا PIN درج کریں۔ کسی کو بھی حتی کہ اسٹور کلرک کو بھی کبھی آپ کا PIN نہیں پوچھنا چاہیے۔ آپ کو اپنا PIN خود سے درج کرنا چاہیے۔ یقینی بنائیں کہ آپ اپنا PIN احتیاط سے درج کرتے ہیں اور کوئی اور آپ کو اسے درج کرتے ہوئے نہیں دیکھتا ہے۔ اگر آپ لگاتار چار (4) بار غلط PIN درج کرتے ہیں تو آپ کا مراعات والا کھاتہ "منجمد" ہو جاتا ہے اور آپ اپنی مراعات استعمال نہیں کر سکیں گے۔ جب تک آپ کو ایک نیا PIN نہ مل جائے تب تک آپ اپنا Illinois Link کارڈ استعمال نہیں کر سکیں گے۔



- آپ کی خریداری یا نکاسی مکمل ہو جانے پر، ٹرمینل آپ کے نام اور اسٹور کے پتے، ٹرانزیکشن کی قسم، ٹرانزیکشن کی تاریخ، آپ کی خریداری یا نکاسی کی رقم اور آپ کے کھاتہ (کھاتوں) میں باقی بچے بیلنس کے ساتھ ایک رسید پرنٹ کرے گا۔ آپ کو اپنا Illinois Link کارڈ ہر بار استعمال کرنے کے بعد اپنی رسید محفوظ کر لینی چاہیے تاکہ جب آپ اگلی بار خریداری کے لیے جائیں تو آپ کو اپنا بیلنس معلوم رہے۔
- خریداری کی کم از کم رقم یا کسی اسٹور پر آپ کم از کم کتنی بار اپنا کارڈ استعمال کر سکتے ہیں اس کے کوئی تقاضے نہیں ہیں۔
- SNAP کی مراعات استعمال کرنے کے لیے آپ سے کوئی اضافی فیس نہیں لی جا سکتی ہے۔
- اگر آپ کوپنز استعمال کرتے ہیں تو کوپن کی رقم پر ٹیکس لگتا ہے اور ٹیکس کو SNAP کی مراعات کے ساتھ استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اگر کسی اسٹور کا Illinois Link ٹرمینل کام نہیں کر رہا ہو تو کیا ہوتا ہے؟

چاہے اسٹور کے Illinois Link ٹرمینلز کام نہیں کر رہے ہوں، آپ اب بھی اپنا Illinois Link کارڈ استعمال کر سکتے ہیں، لیکن خریداری صرف غذائی آئٹمز کے لیے ہونا ضروری ہے جس کے لیے یا تو آپ کے SNAP یا نقد مراعات استعمال کیے گئے ہوں۔ اسٹور کا خزانچی دستی واؤچر استعمال کر سکتا ہے اور $150.00 تک کی آپ کی خریداری کے لیے ٹیلیفون پر منظوری کے لیے کال کر سکتا ہے۔



آپ کی خریداری کے لیے رسید حاصل کرنے کی بجائے، خزانچی ایک کاغذی واؤچر پُر کرتا ہے جس پر آپ کی خریداری کی رقم درج ہوتی ہے۔ واؤچر پر آپ کے دستخط کرنے سے پہلے، یقینی بنائیں کہ آپ کی خریداری درست کھاتہ (cash یا SNAP) سے کی جا رہی ہے اور واؤچر پر درج رقم درست ہے۔ خزانچی کو چاہیے کہ آپ کے ریکارڈ کے واسطے واؤچر کی ایک کاپی آپ کو دے۔

میں آٹومیٹڈ ٹیلر مشین (Automated Teller Machine (ATM) میں اپنا کارڈ کیسے استعمال کروں؟

آپ کسی ATM سے صرف رقم نکال سکتے ہیں یا اپنے نقد کھاتے کا بیلنس چیک کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے SNAP کی مراعات ATM میں استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔

یہ کچھ ATM نیٹ ورکس ہیں جو Illinois Link کارڈ قبول کرتے ہیں۔

STAR SHAZAM RBSLynk pulse

کچھ ATMs آپ سے فیس وصول کر سکتے ہیں۔ کوئی فیس ادا کرنے سے بچنے کے لیے بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنی نقدی ایسے اسٹورز پر نکالیں جو Illinois Link کارڈ قبول کرتے اور نقد واپسی فراہم کرتے ہیں۔

قبل اس سے کہ آپ کسی ATM میں اپنا Illinois Link کارڈ استعمال کریں، یہاں آپ کے جاننے لائق کچھ چیزیں ہیں:

رقوم: آپ صرف اتنی ہی رقم نقد نکال سکتے ہیں جتنی رقم وہ ATM آپ کو نکالنے کی اجازت دیتا ہے۔ کچھ ATMs آپ کو $10.00, $20.00 وغیرہ کی رقوم میں اپنی نقدی نکالنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس اپنے بینیفٹس نکالنے اور جو فیس وصول کی جا سکتی ہے اسے ادا کرنے کے لیے آپ کے کھاتے میں کافی رقم نہیں ہے تو، آپ کا ٹرانزیکشن مسترد کر دیا جاتا ہے۔

فیس: آپ کسی ATM سے اپنے نقد کھاتے سے ایک مہینے میں دو (2) بار تک نقدی نکال سکتے ہیں۔ دوسری بار آپ کے نقدی نکالنے یا دوسری بیلنس انکوائری کے بعد آپ سے فیس وصول کی جا سکتی ہے۔

سرچارجز: Illinois کے ATMs سے اوپر بیان کردہ فیس کے علاوہ سرچارجز وصول کیے جانے کی امید نہیں ہے۔ Illinois سے باہر کے ATMs ان فیسوں کے علاوہ سرچارجز شامل کر سکتے ہیں۔

TANF اعانت: جوا خانوں، شراب کی دکانوں یا برہنگی یا عریانیت پر مشتمل یا بالغانہ تفریح والے اداروں میں اپنے Link کارڈ کے ساتھ اپنے TANF کی نقد مراعات تک رسائی حاصل کرنا خلاف قانون ہے۔

انتباہ: اپنا Link card بیچنا یا نقدی کے بدلے میں اپنا کارڈ دوسروں کو استعمال کرنے کی اجازت دینا قانونی نہیں ہے۔ ایسا کرنے کے نتیجے میں آپ اپنی مراعات سے محروم اور/یا آپ پر مجرمانہ الزامات عائد ہو سکتے ہیں۔

آپ کی مراعات کا محفوظ اور آسان لنک

☎ 1-800-678-LINK (5465)

روزانہ 24 گھنٹے، ہفتہ کے 7 دن

www.Link.Illinois.gov

ہلیت کے بارے میں سوالات کے لیے یا فریب کی اطلاع دینے کے لیے، 1-800-843-6154 (DHS) پر کال کریں
DHS TTY 1-800-447-6404

نقدی نکالنے یا اپنا بیلنس چیک کرنے کے لیے MTA استعمال کرنے کے لیے:

- اپنا Illinois Link کارڈ ڈالنے یا اسکین کرنے کے لیے ATM کی ہدایات پر عمل کریں۔ کچھ ATMs آپ سے اپنا کارڈ ڈالنے اور نکالنے کو کہتے ہیں، دوسرے آپ سے کارڈ ڈالنے کو کہتے ہیں جو تب تک مشین کے اندر روک لیا جاتا ہے جب آپ ٹرانزیکشن مکمل یا منسوخ نہ کر دیں۔
- اپنا PIN درج کریں۔ اگر ATM سرچارج وصول کرتا ہے تو ایک اسکرین نمودار ہوتی ہے اور آپ کو ٹرانزیکشن قبول یا منسوخ کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔ اگر آپ ٹرانزیکشن قبول کرتے ہیں تو فیس آپ کے نقد بینیفٹس سے لی جائے گی۔
- "نقد نکالنے" یا "بیلنس انکوائری" کے اختیار میں سے کوئی ایک منتخب کریں۔ (یاد رکھیں، آپ اپنے SNAP کا بیلس ATM میں چیک نہیں کر سکتے ہیں۔)
- "چیکنگ" کا اختیار منتخب کریں۔
- جو نقد رقم آپ نکالنا چاہتے ہیں اسے درج کریں۔
- آپ کا ٹرانزیکشن منظور ہو جانے پر، ATM آپ کو نقدی، پرنٹ شدہ رسید اور آپ کا کارڈ دیتا ہے۔
- اپنی رسید، کارڈ اور نقدی یاد سے لے لیں۔

کسی ATM میں اپنا کارڈ استعمال کرتے وقت، یاد رکھیں:

- محتاط رہیں۔ صرف اچھی طرح سے روشن علاقے میں موجود ATMs استعمال کریں۔
- مشکوک لوگوں پر نظر رکھیں۔ اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ خطرے میں ہیں تو اپنا ٹرانزیکشن منسوخ کریں، اپنا کارڈ لیں اور اس علاقے سے چلے جائیں۔
- تیار رہیں۔ اپنا کارڈ استعمال کے لیے تیار رکھیں
- اپنا PIN محفوظ رکھیں۔ اپنا PIN اپنے کارڈ پر نہ لکھیں۔
- اپنا PIN احتیاط سے درج کریں تاکہ کوئی آپ کو اسے درج کرتے ہوئے نہ دیکھے۔
- اپنی آخری رسید سنبھال کر رکھیں۔

میں بدل کارڈ کا PIN کیسے حاصل کروں؟

آپ کو 24/7 اپنے Illinois Link کی معلومات تک محفوظ، مامون رسائی حاصل ہے۔ ہیلپ لائن کو کال کریں یا ویب سائٹ پر جانے کے لیے کمپیوٹر کا استعمال کریں۔ آپ اپنی مراعات کے تحفظ کے لیے گمشدہ، چوری شدہ یا خراب شدہ کے بطور اپنے کارڈ کی اطلاع دے سکتے ہیں، بدل کارڈ کی درخواست کر سکتے ہیں، اپنا PIN منتخب یا تبدیل کر سکتے یا اپنے بیلنسز چیک کر سکتے ہیں۔ بدل کارڈز آپ کو ڈاک سے اس پتے پر بھیجے جاتے ہیں جو آپ نے اپنے DHS کے دفتر کو دیے تھے۔ اگر آپ کہیں اور منتقل ہو گئے ہیں تو آپ اپنا کارڈ بدلتے وقت ہیلپ ڈیسک آپریٹر کو اپنے نئے پتے کی اطلاع دے سکتے ہیں اور وہ آپ کا پتہ تبدیل کر دیں گے۔ آپ کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ڈاک خانے میں بھی آپ کا نیا پتہ موجود ہے۔ کارڈ کی گمشدگی، چوری یا خراب ہو جانے کی رپورٹ کر دینے کے بعد، آپ تب تک اپنی مراعات استعمال نہیں کر سکیں گے جب تک ڈاک سے بدل کارڈ موصول نہ ہو جائے۔ براہ کرم ڈاک کی حوالگی کے لیے سات (7) دنوں کا وقت دیں۔ آپ ATM میں یا اسٹور میں موجود Link کے آلے میں کسی مسئلے کی رپورٹ کرنے کے لیے، یا اگر کسی ریٹیلر کے پاس خریداری یا پیسے نکالنے کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے تو آپ اپنے Illinois Link کارڈ کی بابت تربیت یا مدد حاصل کرنے کے لیے ہیلپ لائن کو کال بھی کر سکتے ہیں۔

مجھے کیسے معلوم ہو سکتا ہے کہ میرے Illinois Link کھاتے میں کتنے پیسے ہیں؟

- اپنی پچھلی رسید دیکھیں۔
- یک محفوظ کمپیوٹر استعمال کریں اور ویب سائٹ: www.Link.Illinois.gov پر جائیں۔
- کسی اسٹور میں اپنا بیلنس پتہ کریں۔ کچھ اسٹور کوئی خریداری کیے بغیر بھی آپ کو آپ کا بیلنس بتا سکتے ہیں۔
- ہیلپ لائن کو 1-800-678-LINK پر کال کریں۔
- ATM جائیں (صرف نقد کھاتے کے بیلنس کے لیے)۔ آپ ATM میں اپنا SNAP کا بیلنس نہیں، بلکہ صرف نقد بیلنس معلوم کر سکتے ہیں۔ یاد رکھیں، آپ سے بیلنس انکوائری کے لیے بھی — فیس لی جا سکتی ہے۔

جب میں ہیلپ لائن کو کال کرنا یا ویب سائٹ پر جانا چاہوں تو مجھے کون سی معلومات درکار ہوگی؟

آپ ہیلپ لائن کو کال کرتے وقت یا ویب سائٹ استعمال کرتے وقت ایک جیسی معلومات استعمال کرتے ہیں۔ آپ کے پاساپنی درج ذیل معلومات کا ہونا ضروری ہے:

- نو ہندسے کا سوشل سیکیورٹی نمبر
- تاریخ پیدائش اور،
- PIN، یا
- آپ کے کارڈ کے سامنے والے حصے پر درج 16 ہندسے کا نمبر۔

اگر آپ کو خود اپنے لیے نہیں بلکہ اپنے بچوں، یا دیگر منحصرین کے لیے مراعات ملتی ہیں تو ہیلپ لائن کو کال کرنے سے پہلے آپ کو ان کی معلومات درکار ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ اپنا کارڈ بدلنے کے لیے کال کرتے ہیں تو آپ کے پاس اپنا PIN معلوم ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ اپنا PIN بھول جاتے ہیں تو بدل کارڈ کا آرڈر کرنے سے پہلے آپ نیا PIN منتخب کرنے کا اختیار منتخب کر سکتے ہیں۔

اگر میں اپنا Illinois Link کارڈ استعمال کرنا چھوڑ دوں تو کیا ہوتا ہے؟

اگر آپ اپنی ساری مراعات ہر مہینے استعمال نہیں کرتے ہیں تو وہ آپ کے کھاتے میں رہتے ہیں اور انہیں اگلے مہینے کی مراعات میں شامل کر دیا جاتا ہے۔ تاہم، اگر آپ ایک سال تک خریداری کرنے یا نقد نکاسی کے لیے اپنی مراعات کا استعمال نہیں کرتے ہیں تو مراعات مزید دستیاب نہیں ہوں گی۔ SNAP اور نقد مراعات کا استعمال الگ الگ شمار کیا جاتا ہے۔

☎ 1-800-678-LINK (5465)

روزانہ 24 گھنٹے، ہفتہ کے 7 دن

www.Link.Illinois.gov

ہلیت کے بارے میں سوالات کے لیے یا فریب کی اطلاع دینے کے لیے، 1-800-843-6154 (DHS) پر کال کریں
DHS TTY 1-800-447-6404

یکتعارز U.S.Department روا نوناقیقافو یموق ،گنر ،لسن ہرادا سا ،قباطم ےک یسیلاپ یروذعم ای دئاقع یسایس ،بہذم ،رمع ،سنج ،تیلصا ایک عنم ےس ےنرک کولس یزایتما رپ داینب یک ےہ ایگ .

ھکل ،ےیل ےک ےنرک تیاکش یک کولس یزایتما 1400 رتفد ےک قوقح یرہش ،رٹکیرئاڈ ،USDA
Independence Avenue, S.W., Washington, D.C. 20250-9410
(202) 720-6382 ای (یتوص) (800) 795-3272 ںیرک لاک ای (TTY).

USDA ایک مساوی موقع فراہم کرنے والا ادارہ اور آجر ہے۔

WCS 9203 UR (R 12-17)